اہم اطلاع نامہ

○ سوار اور ساتھی

یہ موٹرسائیکل، سوار اور ایک ساتھی کو لے جانے کے لیے بنائی گئی ہے۔

○ اونرز مینوئل توجہ سے پڑھیں۔

درج ذیل الفاظ کے بعد پیش کی جانے والی ہدایات پر خصوصی توجہ دیجئے۔

تنبیہہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر ہدایات پر عمل نہ کیا گیا تو شدید ضرب لگنے یا جانی نقصان کا خطرہ ہے۔

احتیاط سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہدایات پر عمل نہ کرنے کی صورت میں ضرب لگ سکتی ہے یا ساز وسامان کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

نوٹ اہم معلومات فراہم کرتا ہے

اس مینوئل کو موٹرسائیکل کا مستقل جز وتصور کرنا چاہیئے اور دوبارہ فروخت کی صورت میں بھی اسے موٹرسائیکل کے ساتھ ہونا چاہیئے۔

Atlas Honda

محفوظ سواری کے ضوابط

تنبیہہ

○ **موٹرسائیکل کی سواری کرتے ہوئے اپنی حفاظت کو یقینی بنانے کا امر آپ کی خصوصی توجہ کا طالب ہے۔**

1 - سواری کے لیے انجن اسٹارٹ کرنے سے پہلے ہمیشہ معائنہ کیجئے (صفحہ 27)۔ اس طرح آپ کسی حادثے یا موٹرسائیکل کے نقصان سے بچ جائیں گے۔

2 - بہت سے حادثات ناتجربہ کار سوار کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ محفوظ موٹرسائیکل سواری کی مہارت ضرور سیکھیں اور لائسنس ضرور حاصل کریں۔ سواری سے پہلے اس امر کو یقینی بنائیے کہ آپ موٹرسائیکل پر سواری کیلئے کوالیفائڈ ہیں۔ اپنی موٹرسائیکل کبھی بھی کسی ناتجربہ کار سوار کو نہ دیجئے۔

3 - اکثر آٹوموبائل/موٹرسائیکل حادثات اس لیے رونما ہوتے ہیں کہ آٹوموبائل ڈرائیور موٹرسائیکل سوار کو دیکھ ہی نہیں پاتے۔ اپنے آپ کو نمایاں رکھیں تا کہ آپ خود کو ایسے حادثے سے بچا سکیں جس کے لئے آپ قصوروار نہیں ہیں۔

○ شوخ یا چمکدار لباس پہنئے۔

○ کسی دوسرے موٹرسوار کی راہ میں اس جگہ نہ پہنچ جائیے جو اس کی نظر سے اوجھل (بلائنڈ سپاٹ) ہے۔

○ شاہراہوں کے بازو (متوازی لین) پر سفر نہ کیجئے۔

4 - تمام وفاقی، صوبائی اور مقامی قوانین و ضوابط کی پابندی کیجئے۔

Atlas Honda

○ تیز رفتاری بہت سے حادثات کا ایک عنصر ہے۔ رفتار کی حد کا خیال رکھئے اور کبھی بھی ٹریفک حدود کی خلاف ورزی نہ کیجئے۔

○ موڑ کاٹنے یا شاہراہ پر لین بدلنے سے پہلے اشارہ ضرور دیجئے آپ کا موڑ کاٹنے کا انداز دوسرے موٹر سائیکل چلانے والوں کے لیے حیرانگی کا باعث بن سکتا ہے۔

5 - دوسری گاڑیوں کو موقع نہ دیجئے کہ وہ آپ کو گھبراہٹ میں مبتلا کر سکیں۔ چوراہوں، پارکنگ کے لئے مخصوص علاقوں میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے ہوئے اور بڑی شاہراہوں پر زیادہ احتیاط سے کام لیجئے۔

6 - سواری کرتے وقت دونوں ہاتھ ہینڈل بار پر اور دونوں پیر پائیدانوں پر رکھئے۔

7 - کلچ کو استعمال کئے (دبائے) بغیر گیئر ہرگز تبدیل نہ کریں۔

8 - دورانِ سواری موبائل فون کا استعمال ہرگز نہ کریں۔

بار برداری اور سامان کے زیرِ عنوان ہدایات دیکھئے۔

Atlas Honda

حفاظتی لباس

1 - اکثر موٹر سائیکل حادثات سر پر ضرب لگنے سے جان لیوا ثابت ہوتے ہیں۔ ہمیشہ ہیلمٹ پہنئے۔ چہرے کی حفاظت کیلئے فیس شیلڈ یا چشمہ استعمال کریں، اس کے علاوہ بوٹ چمڑے کے دستانے اور حفاظتی لباس پہننا چاہئے۔

2 - موٹر سائیکل چلنے کے دوران ایگزاسٹ سسٹم بہت گرم ہو جاتا ہے اور یہ بعد میں بھی گرم رہتا ہے۔ کبھی بھی گرم حصے کو نہ چھوئیں۔ ایسا لباس پہنئے جو آپ کی ٹانگوں کو پوری طرح ڈھانپ لے۔

3 - ایسے ڈھیلے ڈھالے کپڑے نہ پہنئے جو کنٹرول لیور' کک سٹارٹر، پائیدانوں یا پہیوں کی لپیٹ میں آجائیں۔

پاکستانی خواتین موٹر سائیکل پر بیٹھتے وقت اپنے دوپٹے، برقعے اور ساڑھی کے پلو اور کنارے کا خاص خیال رکھیں۔ یہ ڈرائیو چین یا پہیئے میں الجھ کر خطرناک حادثات کا باعث بن سکتے ہیں۔

ترمیم (تبدیلی)

تنبیہہ

- کسی قسم کی ترمیم یا اصلی سازوسامان کی علیحدگی سے موٹر سائیکل غیر محفوظ یا غیر قانونی سواری میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ سازوسامان سے متعلق تمام وفاقی، صوبائی اور مقامی قوانین پر عمل کیجئے۔

Atlas Honda

مال برداری اور اضافی پرزے

تنبیہہ

○ وزن کی تقسیم کے معاملے میں موٹر سائیکل بہت حساس ہے۔ اضافی چیزیں لگانے اور غیر مناسب وزن لادنے سے موٹر سائیکل کے استحکام اور کارکردگی پر اثر پڑ سکتا ہے۔ حادثے سے بچنے کے لیے سامان لادنے اور بوجھ کے ساتھ سفر کرنے میں ازحد احتیاط سے کام لیجئے۔

1- سامان اور دیگر اضافی چیزوں کا وزن کم اور موٹر سائیکل کے درمیان رکھیئے مال برداری کا بوجھ دونوں طرف یکساں تقسیم کیجئے تاکہ عدم توازن کا امکان کم سے کم ہو۔ وزن کو موٹر سائیکل کے مرکز ثقل سے جتنا ہٹا کر رکھا ہوتا ہے وہ اسی تناسب سے موٹر سائیکل سنبھالنے کے عمل پر اثر انداز ہوتا ہے۔

2- ڈھیلے سامان کی وجہ سے موٹر سائیکل کا توازن اور ہینڈلنگ بُری طرح متاثر ہوتی ہے دوران سفر وقتاً فوقتاً چیک کرنا چاہیئے۔

3- سامان کے وزن اور سواری کے حالات کے مطابق ٹائر پریشر کو ایڈجسٹ کریں۔

4- بڑی اور بھاری اشیاء کو ہینڈل بار، فرنٹ فورک یا فینڈر کے ساتھ مت لٹکائیں۔ اس سے موٹر سائیکل کا توازن متاثر ہوتا ہے اور سٹیئرنگ کا عمل بھی سست روی کا شکار ہوتا ہے۔

5- کیریئر پر زیادہ وزن رکھ کر لے جانا غیر محفوظ ہوتا ہے۔

Atlas Honda